# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

IGI Holdings

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئی جی آئی ہولڈنگز لمیٹڈ (کمپنی) کا 67واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 29 اپریل 2021ء بروز جمعرات بوقت دوپہر 12:30 بجے ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ COVID-19 کے حالیہ بڑھتے ہوئے کیسز کے پیش نظر اور وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کے لئے، کمپنی کا سالانہ اجلاس عام صرف ویڈیو لنک کے ذریعے ہی منعقد کیا جائے گا۔ ممبران سے استدعا ہے کہ وہ نوٹس سیکشن میں موجود ہدایات کے مطابق کمپنی کے زیر انتظام ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعہ اجلاس میں شرکت کریں۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کی جائے گی:

**عمومی کارروائی:**

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 21 مئی 2020ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- مورخہ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے گزشتہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں معہ چیئرمین رپورٹ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- مالیاتی سال مختتمہ 31 دسمبر 2020ء کیلئے نقد منافع منقسمہ بشرح 5 روپے (50%) فی شیئر کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے حصص یافتگان کیلئے سفارش کی ہے۔

4- سال 2021ء کیلئے بیرونی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے مالی سال 2021ء کیلئے بطور آڈیٹر تقرری کیلئے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

**دیگر امور:**

5- چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

اقتدار امجاد
کمپنی سیکریٹری

کراچی
مورخہ 08 اپریل 2021ء

**ویڈیو لنک سہولت کے ذریعہ 67ویں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کا طریقہ کار:**

ہمارے ممبران کی حفاظت کو یقینی بنانے اور موجودہ COVID-19 صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے، سالانہ اجلاس عام کی کارروائی صرف ویڈیو لنک سہولت کے ذریعہ ہوگی۔ ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لئے، ممبران سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لینے کیلئے https://zoom.us/download کے ذریعے اپنے اپ/سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں اور ویڈیو لنک کے ذریعے لاگ ان کرکے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

جو ممبران پراکسیز ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے رابطہ قائم کرنے کے لئے اندراج کرنے کے خواہاں ہیں ان کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو/نمبر اور شناختی کارڈ نمبر (CNIC) بعنوان "جنرل پوسٹن برائے آئی جی آئی ہولڈنگز اے جی ایم 2021" درج کرکے کم از کم 03:00 بجے سے قبل موصول ہوجائیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی استدعا ان ممبران/پراکسیز کو فراہم کی جائیں گی جن کے ای میل میں تمام مطلوبہ تفصیلات شامل ہوں اور مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر مورخہ 27 اپریل 2021ء کو شام 03:00 بجے سے قبل موصول ہوجائیں۔ agm.igiholdings@igi.com.pk پر ای میل کریں۔

ممبران سالانہ اجلاس عام کے امور کیلئے اپنے تاثرات اور سوالات اوپر دیئے گئے ای میل ایڈریس پر بھی فراہم کرسکتے ہیں۔

**دیگر گزارشات:**

1- کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب (شیئرز ٹرانسفر بکس) مورخہ 22 اپریل 2021ء تا 29 اپریل 2021ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں ایام)۔

2- سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کے لئے دوسرے فرد کو بطور پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی مقرر کرنے والے ممبر کی جانب سے باقاعدہ طور پر مکمل اور دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹریکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8/ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی کو اجلاس بوقت انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہوجانے چاہئیں۔

3- کمپنی (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کیلئے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 143 اور 144 کی ضروریات سے مشروط، حصص یافتگان کو بذریعہ پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ مذکورہ بالا قواعد وضوابط کے مطابق اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

4- انفرادی مالکان (Beneficial Owner) / ممبران جن کے اکاؤنٹ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی ("سی ڈی سی") کے پاس ہوں، جو اجلاس ہذا عام میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں وہ اپنی شناخت کیلئے اپنا کمپیوٹرائزڈ/اسمارٹ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) فراہم کریں، اور پراکسی (شیئر ہولڈرز) کی صورت میں اپنی کاآمد کمپیوٹرائزڈ/اسمارٹ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) کی تصدیق شدہ ایک عدد کاپی لازمی منسلک کریں۔ جبکہ اس مقصد کی حصولی کے لئے کارپوریٹ ممبران کے نامزد گان سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000ء کے مطابق اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور/یا ایسے تمام دستاویزات کی تصدیق شدہ نقل فراہم کریں۔ نیز ای ڈی سی ممبران سے گزارش ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنی تفصیلات (بشمول پتہ، IBAN نمبر اور ای میل ایڈریس) میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔

5- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 223(7) کے تحت مالیاتی گوشواروں اور پروکسی کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کردیئے گئے ہیں https://www.igi.com.pk/holdings سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

6- ممبران کو بذریعہ ہذا آگاہ کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے ایس آر او 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014ء اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت، کمپنیوں کو ممبران کو ای میل کے ذریعے سالانہ رپورٹ بھیجنے کی اجازت دی گئی ہے۔ تاہم، کمپنی اضافی طور پر سالانہ رپورٹ کی کاغذی کاپیاں ممبران کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔ اس مقصد کیلئے ہم نے درخواست فارم کو سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک کیا ہے اور ہماری کمپنی کی ویب سائٹ https://www.igi.com.pk/holdings پر بھی اپ لوڈ کردیا ہے۔ وہ ممبران جو اس سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ درخواست فارم مکمل کرکے شیئر رجسٹرار کو جمع کروادیں۔

7- مزید براں ایس آر او 470(I)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016ء کے تحت ایس ای سی پی نے کمپنیز/اپنے ممبران سے شیئر ہولڈرز کی رضامندی اور کچھ دیگر شرائط کی تعمیل کے عوض اپنے رجسٹرڈ شدہ پتوں پر کاغذی کاپیاں ترسیل کرنے کے بجائے سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کے مورخہ 8 اکتوبر 2018ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں اور سال کی اجازت دی ہے۔

8- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کی شقوں کے مطابق، یہ ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے لازمی ہے کہ وہ حصص یافتگان کو صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے حصص یافتگان کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد منافع ادا کرے۔ اپنے منافع کو براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کرنے کیلئے، براہ کرم ای کریڈٹ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم میں تفصیلات مکمل کریں۔ یہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے اور ہماری کمپنی کی ویب سائٹ https://www.igi.com.pk/holdings پر بھی دستیاب ہے۔ سی ڈی سی میں موجود حصص کی صورت میں کمپنی کی آگاہی اور فراہمی کیلئے معلومات بذریعہ ڈی ایس کے شرکاء کو فراہم کرنی ہوگی۔ کسی ممبر کے فعال بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور/یا IBAN کی عدم موجودگی میں، کمپنی ایسے ممبران کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کو ٹھوس تفصیلات کی فراہمی تک روکنے کی پابند ہے۔

9- وہ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع منقسمہ/غیر ریکل/یونس حصص کا دعویٰ دائر نہیں کرسکے، اور پر دیئے گئے پتے پر ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

10- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کی دفعہ 150، انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کے پہلے شیڈول کے حصہ III کے ڈیڈکشن کے ساتھ اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء، کی دفعہ 100BA انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے دسویں شیڈول کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگیوں پر دو ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف زمروں کا تعین حسب ذیل ہے۔

(الف) وہ ممبران جو فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں شامل ہیں، ان حصص یافتگان کیلئے ٹیکس کٹوتی — 15 فیصد

(ب) وہ ممبران جو فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں شامل نہیں ہیں، ان حصص یافتگان کیلئے ٹیکس کٹوتی — 30 فیصد

کمپنی کو 15 فیصد ٹیکس منہا کرنے کے قابل بنانے کیلئے، تمام حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب تازہ ترین اے ٹی ایل میں اپنے نام کا اندراج کریں، بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ سے ٹیکس کی 30 فیصد کٹوتی کی جائے گی۔

منافع منقسمہ سے دو ہولڈنگ ٹیکس میں استثنیٰ صرف ان کارپوریٹ حصص یافتگان کو دیا جائے گا جو کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب کی بندش سے ایک دن قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فعال ٹیکس ایکزمپشن سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی فراہم کردیں گے۔

11- فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے مطابق مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں، ہر ہولڈر کا انفرادی طور پر تعین کیا جائے گا، کیونکہ فاطر یا نان فائلر سے ٹیکس ہر مشترکہ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر وصول کیا جائے گا، جس کیلئے حصص یافتگان کی جانب سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل کے حساب سے مطلع کیا جائے۔ بصورت دیگر تصور کیا جائے گا کہ مشترکہ حصص یافتگان کے حصص کا تناسب مساوی ہے۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی حصص | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

12- حصص یافتگان کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اطمینان کرلیں کہ اپنے پاسپورٹ/این ٹی این/سی این آئی سی/انکم استثنیٰ سرٹیفکیٹس (برائے انکم استثنیٰ جہاں قابل اطلاق ہو) اور زکوٰۃ و عشر آرڈیننس مجریہ 1980ء کے تحت کارآمد زکوٰۃ اعلامیہ (برائے زکوٰۃ استثنیٰ) اپنے متعلقہ شرکاء/سی ڈی سی الٹیمیٹ بینیفیشل اونر اکاؤنٹ سروسز/کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کرچکے ہیں۔

13- کاغذی صورت میں حصص رکھنے والے ممبران کو ایکٹ کی دفعہ 72 کے تقاضوں کے مطابق اپنے کاغذی حصص کو کتب اندراج فارم (سی ڈی سی) میں تبدیل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

کسی بھی سوال/استفسار/معلومات کیلئے سرمایہ کار اور ممبران مندرجہ ذیل فون نمبروں اور ای میل پتوں پر کمپنی اور/یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

متعلقہ افسران:

طٰہٰ نقوی (فنانشل کنٹرولر)
ٹیلیفون: 111-308-308
ای میل: taha.naqvi@igi.com.pk

سلمان رؤف (شیئر رجسٹرار)
ٹیلیفون: 5-92-21-34380101
ای میل: salman.rauf@famco.com.pk



مسلسل اشاعت کے 81 سال
nawaiwaqt.com.pk
editor@nawaiwaqt.com.pk
@nawaiwaqt fb.com/nawaiwaqt

DAILY NAWA-I-WAQT KARACHI

روزنامہ
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
کراچی
نوائے وقت

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

THURSDAY 8 APRIL 2

| جلد | جمعرات 24 شعبان 1442ھ 8 اپریل 2021ء، 26 چیت 2078ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبری پی ایل | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 41 | UAN 111-222-007 قیمت 20 روپے | 10 | 102 | 179 |